# 17-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ اسمبلی میں آج مختلف بلوں کومنظور کیا گیا جن میں پسماندہ طبقات ( دیہی وشہری ادارہ جاتِ مقامی تحفظات )،تلنگانہ شیڈول کاسٹ اورتلنگانہ بیک ورڈ کلاسس شامل ہیں۔

۲۔ریاستی حکومت نے آج راجیو یوواو کاسم اسکیم شروع کی جس کے ذریعہ ایس سی،ایس ٹی، بی سی اوراقلیتی طبقات سے تعلق رکھنے والے بے روزگار نوجوانوں کوخودروزگار ملازمت کے مواقع فراہم کرنے کیلئے مالی مدد کی جائے گی۔

۳۔وزیراعلیٰ نے پٹی سری راملوتلگو یونیورسٹی کا نام بدل کرسوراورم پرتاپ ریڈی رکھنے کا اعلان کیا ہے۔

اور

۴۔ضلع ناگرکرنول میں واقع جزوی منہدمہ ایس ایل بی سی سرنگ کے اندر پھنسے سات افراد کوڈھونڈنے کیلئے تلاشی آپریشن تیزی کے ساتھ آج 24ویں دن بھی جاری رہا۔

## WEATHER:

محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا ہے کہ ریاست بھرمیں مختلف مقامات پرآئندہ چار دن کے دوران خشک موسم برقرار رہنے کا امکان ہے۔آئندہ دودن کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں کوئی بڑی تبدیلی نہیں ہوگی اوراس کے بعدآئندہ تین دن کے دوران درجہ حرارت میں قدرکمی واقع ہوسکتی ہے۔تلنگانہ میں جمعرات کوبعض مقامات پرہلکی تااوسط بارش یابوندہ باندی ہوسکتی ہے۔گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ میں موسم خشک رہا۔رپورٹ کے مطابق اعظم ترین درجہ حرارت عادل آباد میں 40.3ڈگری سلسیس درج کیا گیا۔

## ASSEMBLY:

تلنگانہ اسمبلی میں آج اس وقت کشیدگی پھیل گئی جب پولیس نے بی آرایس پارٹی کے کارکنوں کوجواسمبلی میں داخل ہونے کی کوشش کررہے تھے،گرفتارکرلیا۔بی آرایس کے کارکن،عثمانیہ یونیورسٹی کے احاطہ میں احتجاج پرامتناع عائد کئے جانے سے متعلق حکومت کے حالیہ احکام کے خلاف احتجاج کررہے تھے۔اسمبلی کے قریب بی آرایس کارکنوں نے طلبہ یونین کے ارکان کے ساتھ دھرنا دیا۔اسی احتجاج کے ایک حصہ کے طور پرانھوں نے اسمبلی کی طرف بڑھنے کی کوشش کی تاہم پولیس کی بھاری جمعیت کو پہلے ہی متعین کیا گیا تھا جس نے احتجاجیوں کوآگے بڑھنے سے روک دیااورتحویل میں لے لیا۔حکومت کی جانب سے عثمانیہ یونیورسٹی کے احاطہ میں احتجاج پرامتناع کے متنازعہ فیصلہ پر یونیورسٹی میں ناراضگی پھیل گئی ہے۔اسی دوران

یونیورسٹی کیمپس میں بھی اس وقت کشیدگی پھیل گئی جب مقامی پولیس نے آرٹس کالج پر مختلف طلبہ کو تحویل میں لے لیا جو کیمپس میں احتجاج پر عائد پابندی سے متعلق سرکولر کے خلاف بند منا رہے تھے۔ پولیس کی بڑی تعداد آرٹس کالج کی عمارت میں داخل ہوئی اور اے بی یو پی کے کم از کم پانچ طلبہ کارکنوں کو گرفتار کرلیا۔اس کے علاوہ پولیس نے آرٹس کالج میں ریالی نکالنے اور مذکورہ سرکولر سے فی الفور دستبرداری اختیار کرنے مطالبہ کرنے والے جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے مختلف لیڈرس کو بھی حراست میں لے لیا۔ اے بی یو پی کے رکن عاملہ وتلنگانہ یونیورسٹیوں کے کوآرڈینیٹر جیون نے کہا کہ پولیس کی گرفتاری سے انہیں کیمپس میں اپنے جمہوری حق کیلئے جدوجہد کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔

WALKOUT:

کل ہند مجلس اتحادالمسلمین کے ارکان نے اپنے سوالات کو نظرانداز کرنے یا ان میں تبدیلی لائے جانے کے الزام میں آج اسمبلی سے واک آؤٹ کیا۔مجلس کے پارٹی ارکان نے ایوان کی کارکردگی پر عدم اطمینان کا بھی اظہار کیا۔اسپیکر پرسادکمار کی جانب سے وقفہ سوالات کو ختم کرنے اور وقفہ صفر کو شروع کرنے کا اعلان کئے جانے کے بعد مجلس کے فلور لیڈر اکبرالدین اویسی نے اس کے خلاف اعتراض کیا۔اسپیکر نے انہیں یقین دلایا کہ ان کی جانب سے اٹھائے گئے مسائل پر کل بات چیت کی جائے گی۔اکبرالدین اویسی نے کہا کہ وقفہ سوالات کو ختم کرنے کے بجائے اسپیکر ایجنڈہ کے حصہ کے دیگر سوالات کو ملتوی کرسکتے تھے۔بعدازاں اکبرالدین اویسی نے اعلان کیا کہ ان کی پارٹی کے ارکان ایوان سے واک آؤٹ کررہے ہیں۔

CM-RENAMING:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج اسمبلی کو بتایا کہ اگر تلگو ریاستوں میں یونیورسٹیوں اور اداروں کے یکساں نام ہو تب تنظیمی مسائل پیدا ہوسکتے ہیں۔اس معاملہ پر خطاب کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے وضاحت کی کہ ریاست میں یونیورسٹیوں اور اداروں کے ناموں میں ریاست کی سرکردہ شخصیتوں کے حوالہ سے تبدیلی لائی جارہی ہے۔تلنگانہ یونیورسٹی کے نام میں تبدیلی ،ایس سی کلاسی فکیشن اور بی سی تحفظات کے تعلق سے بلوں کو متعارف کرائے جانے کے دوران خطاب کرتے ہوئے سی ایم نے کہا کہ وہ مرکزی حکومت کو یہ تجویز دے رہے ہیں کہ چرلہ پلی ریلوے ٹرمینل کا نام پٹی سری راملو رکھا جائے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پٹی سری راملو کی خدمات کو بھی نظرانداز نہیں کرسکتا۔انہوں نے کہا کہ یہ طریقہ کار 10 سال پہلے ریاست کی تنظیم جدید کے وقت سے جاری ہے۔ریونت ریڈی نے اعلان کیا کہ اس طریقہ کار کے تحت حکومت نے پٹی سری راملو تلگو یونیورسٹی کا نام بدل کر سوراورم پرتاپ ریڈی رکھا ہے۔

SEETHAKKA:

پنچایت راج کی ریاستی وزیر ڈاکٹر انوسویا سیتا اکا نے اسمبلی کو بتایا کہ کانگریس حکومت نے ایس سیز، ایس ٹیز، بی سیز اور اقلیتی طبقات سے تعلق رکھنے والے ہاسٹل طلبہ کے کھانے اور کاسمیٹک اخراجات میں بالترتیب 40 اور 212 فیصد اضافہ کیا ہے۔ وقفہ سوالات کے دوران ممبرس کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے سیتا اکا نے کہا کہ حکومت نے 7 سال بعد کھانے کے اخراجات میں 40 فیصد اضافہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ہاسٹل کی سہولتوں کو بہتر بنانے کے لئے چار مہینوں کے دوران 499 کروڑ روپے سے زائد رقم خرچ کی گئی۔

Sound Byte Seethakka

KTR:

بی آر ایس پارٹی کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ حکمرانی میں ناکام رہ گئے ہیں جبکہ ریاست میں معاشی صورتحال کمزور ہورہی ہے۔ اسمبلی کے احاطہ میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کے ٹی آر نے حکومت کے بجٹ میں کمی کی مذمت کی اور مختلف مسائل کو جس طرح حل کیا گیا اس کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ کے ٹی آر نے حکومت پر اس بات کیلئے بھی الزام عائد کیا کہ اس کے پاس آمدنی میں اضافہ کے لئے حکمتِ عملی کی کمی ہے۔ انہوں نے دیہی معیشت اور زرعی شعبہ کے کمزور ہونے کے لئے سی ایم کی پالیسیوں کو ذمہ دار ٹھہرایا۔

TIRUMALA:

ایک بڑے فیصلہ میں ترو ملا ترو پتی دیوستھانم (ٹی ٹی ڈی) نے تلنگانہ کے عوامی نمائندوں کے سفارشی خطوط کی بنیاد پر وی آئی پی درشن کا سلسلہ دوبارہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

SLBC:

ضلع ناگر کرنول میں واقع جزوی منہدمہ ایس ایل بی سی سرنگ کے اندر پھنسے سات افراد کو ڈھونڈنے کیلئے تلاشی آپریشن تیزی کے ساتھ آج 24 ویں دن بھی جاری رہا۔ ساؤتھ سنٹرل ریلوے، این ڈی آر ایف، ایس بی آر ایف، سنگارینی کالریز اور دیگر اداروں کے ارکانِ عملہ کی جانب سے تلاشی مہم جاری ہے۔ سرچ آپریشن کے لئے عصری ٹکنالوجی کو استعمال کیا جارہا ہے۔

DK ARUNA:

حیدرآباد پولیس کمشنر سی وی آنند نے ویسٹ زون کے ڈی سی پی وجئے کمار کے ہمراہ آج بی جے پی ایم پی ڈی کے ارونا کی جوبلی ہلز میں واقع رہائش گاہ کا معائنہ کیا جہاں کل شب کوئی نامعلوم شخص دیکھا گیا تھا۔ عہدیداروں نے مختلف مقامات کا

معائنہ کیا جس میں ٹیرس، باغ کا علاقہ اور کچن شامل ہے۔ نامعلوم شخص کے اندر آنے کے راستوں کی بھی جانچ کی گئی۔ بعد ازاں ڈی کے ارونا کی رہائش گاہ پر زائد پولیس فورس متعین کی گئی تا کہ آئندہ اس طرح کے واقعات دوبارہ نہ پیش آئے۔ واضح رہے کہ ارونا کے مکان میں کوئی نامعلوم شخص داخل ہوگیا تھا اور تقریباً دو گھنٹوں تک گھر کے مختلف حصوں میں گھومتا رہا۔ اس وقت ایم پی گھر پر نہیں تھیں۔ پولیس نے گھر میں لگے مختلف سی سی ٹی وی کیمروں کے فوٹیج حاصل کر لئے جس کے ذریعہ یہ دیکھا گیا کہ نامعلوم شخص ہاتھوں میں دستانیں پہنے اور چہرے پر نقاب لگائے ہوئے تھا۔ جوبلی ہلز پولیس اس معاملہ کی تحقیقات کر رہی ہے۔

ARREST:

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے صحافیوں، ریوتی پوگاداڈنڈا اور تنوی یادو کی گرفتاری پر کانگریس حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے اسے صحافت کی آزادی پر حملہ قرار دیا اور الزام عائد کیا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی ایمرجنسی دور کی ذہنیت کے ساتھ حکمرانی کررہے ہیں۔ کے ٹی آر نے سابق وزراسبیتا اندرا ریڈی، سنیتا لکشما ریڈی اور ایم ایل سی شراون کے ساتھ آج چنچل گوڑہ ویمنس جیل میں مذکورہ صحافیوں سے ملاقات کی۔ ان دو خاتون صحافیوں کو وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے خلاف مبینہ طور پر غلط مواد پھیلانے پر گرفتار کیا گیا ہے۔

BILLS:

تلنگانہ اسمبلی میں آج مختلف بلوں کو منظور کیا گیا جن میں پسماندہ طبقات (دیہی وشہری ادارہ جاتِ مقامی تحفظات)، تلنگانہ شیڈول کاسٹ اور تلنگانہ بیک ورڈ کلاسس شامل ہیں۔ بیک ورڈ کلاسس کے تحت تعلیمی اداروں میں درج فہرست قبائل کو تحفظات دئے جائیں گے۔ سیشن کے دوران صدائے ووٹ کے ذریعہ ان بلوں کو منظور کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے اپوزیشن پارٹیوں کے لیڈرس سے مطالبہ کیا کہ ایک سال مل کر آئیں تا کہ وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی جاسکے اور ریاست میں پسماندہ طبقات کیلئے 42 فیصد تحفظات نافذ کرنے کے مقصد سے دستور میں ترمیم لائی جاسکے۔

Sound Byte CM

مباحث کے دوران بی آر ایس کریم نگر کے ایم ایل اے کملاکر نے اس بات کو اجاگر کیا کہ بی سی تحفظات کو ٹاملناڈو میں کس طرح نافذ کیا گیا۔

SCHEME:

ریاستی حکومت نے آج راجیو یوواوکاسم اسکیم شروع کی جس کے ذریعہ ایس سی، ایس ٹی، بی سی اور اقلیتی طبقات سے تعلق رکھنے والے بے روزگار نوجوانوں کو خودروزگار ملازمت کے مواقع فراہم کرنے کیلئے مالی مدد کی جائے گی۔اہل افراد آج سے 5اپریل تک 3لاکھ روپے تک قرض کیلئے درخواستیں دے سکتے ہیں۔وزیراعلیٰ نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس اسکیم کے تحت پانچ لاکھ اہل بے روزگار نوجوانوں کو 50ہزار سے 4لاکھ روپے تک کی مالی مدد فراہم کی جائے گی جس سے وہ اپنا کاروبار کرسکتے ہیں۔سی ایم نے کہا کہ منتخبہ امیدواروں کی فہرست کا اعلان 2جون کو کیا جائے گا۔انہوں نے یہ اعلان بھی کیا کہ ایس سی، ایس ٹی، بی سی اور اقلیتوں کو ان کی آبادی کے تناسب کے مطابق مالی مدد فراہم کی جائے گی۔

Sound Byte. CM

○○